# سلک بینک لمیٹڈ

# 23 واں سالانہ اجلاسِ عام کا نوٹس

بذریعہ نوٹس ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ سلک بینک لمیٹڈ کا 23 واں سالانہ اجلاسِ عام بمقام بیسٹ ویسٹرن ہوٹل، اسلام آباد 30 مارچ، 2017 بروز جمعرات، صبح 10:30 بجے، درجِ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد کیا جائے گا:

**عمومی امور:**

1۔ 28 مارچ، 2016 کو منعقدہ بائیسویں سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی کی منظوری۔

2۔ 31 دسمبر، 2016 کو ختم ہونے والے سال کی آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹس کو وصول کرکے زیرِ غور لانا اور پھر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس پر غور کرنا اور منظوری دینا۔

3۔ آئندہ سالانہ اجلاسِ عام تک آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔

**دیگر امور:**

صدرِ اجلاس کی اجازت سے دیگر امور پر کارروائی عمل میں لانا۔

حسب الحکم بورڈ

**عظمان نوید چوہدری**

**کمپنی سیکریٹری/ہیڈ آف انویسٹر ریلیشنز اینڈ لیگل افیئرز**

کراچی، 09 مارچ، 2017

**نوٹس:**

**1) شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش:**

سلک بینک کی شیئر ٹرانسفر بکس مورخہ 24 مارچ، 2017 سے 30 مارچ، 2017 (بشمول دونوں ایام) تک بند رہیں گی۔ میسرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC)، شیئر رجسٹرار ڈپارٹمنٹ، CDC ہاؤس، B-99، بلاک 'B'، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔ 74400 میں مورخہ 22 مارچ، 2017 بروز بدھ، کاروباری اوقات (شام 5:00 بجے) کے اختتام پر موصول ہونے والے شیئر ٹرانسفرز مندرجہ بالا استحقاق کے لیے بروقت تصور کیے جائیں گے۔

**2) اجلاس میں شرکت:**

کمپنی کے تمام اراکین اجلاس میں ذاتی طور پر یا بذریعہ پراکسی شرکت کے اہل ہیں۔ مقررہ پراکسی کو دیگر اراکین کی طرح اجلاس میں بولنے اور ووٹنگ کا اختیار حاصل ہوگا۔ پراکسیز کو اجلاس کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ لازمی پیش کرنا ہوگا۔

**3) پراکسی کے تقرر کے لیے:**

وہ ممبر جو سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ہے، وہ اس بات کا بھی اہل ہے کہ اپنی جگہ کسی اور ممبر کو شرکت اور ووٹ دینے کے لیے پراکسی مقرر کردے۔ کارپوریشن بطور ممبر کسی کو بھی اپنا پراکسی مقرر کرسکتی ہے، چاہے وہ اس کا کوئی نمائندہ ہو یا کوئی اور شخص، خواہ وہ بینک کا ممبر ہو یا نہ ہو۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، ادارے کی طرف سے مقرر کی گئی پراکسی کو بورڈ آف ڈائریکٹرز/ قرارداد/ مختار نامہ مع نامزد شخص کے نمونہ دستخط (اگر پہلے فراہم نہیں کیا گیا) بینک کے پراکسی کے ساتھ جمع کرانے ہوں گے۔

مؤثر پراکسی کے لیے باقاعدہ پُر کیا ہوا اور دستخط شدہ پراکسی فارم کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، L-13، F-7 مرکز اسلام آباد پر اجلاس شروع ہونے سے 48 گھنٹے قبل موصول ہوجانا چاہئے۔

**4)** CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری شدہ سال 2000 کے سرکلر نمبر 1، بتاریخ 26 جنوری، 2000 میں مذکورہ گائیڈ لائنز پر عمل کرنا ہوگا:

**اجلاس میں شرکت کے لیے:**

i۔ انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر اور/ سب اکاؤنٹ ہولڈر، جس کی رجسٹریشن کی تفصیلات CDC قواعد کے مطابق اپ لوڈ کردی گئی ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کرے گا۔

ii۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں اجلاس میں شرکت کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز/ قرارداد/ مختار نامہ مع نامزد شخص کے نمونہ دستخط (اگر پہلے فراہم نہیں کیے گئے) پیش کیے جائیں گے۔

**5) پتے میں تبدیلی:**

اراکین سے گزارش کی جاتی ہے کہ اپنے رجسٹرڈ پتوں میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر شیئرز رجسٹرار، میسرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC)، شیئر رجسٹرار ڈپارٹمنٹ CDC ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔ 74400 کو مطلع کریں۔

**6)** 31 دسمبر 2016 کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے کمپنی کے اکاؤنٹس بینک کی ویب سائٹ www.silkbank.com.pk پر ملاحظہ کریں۔

**Call: 111-007-455**

SILKBANK
Yes we can

*Nawa-e-Waqt (Urdu) 30cm x 4col*